# جنرل اینیستھیٹک:

## ممکنہ خطرات اور مضر اثرات

ہر شخص مختلف ہوتا ہے اور یہ جاننا ممکن نہیں کہ کون مضر اثر یا ممکنہ خطرہ کا سامنا کرے گا۔ صحت کے مسائل یا مخصوص آپریشن کی ضرورت والے لوگوں میں بعض مضر اثرات کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔



نیچے دیے گئے اعداد و شمار تحقیق کے مطالعہ سے اوسط کے طور پر لیے گئے ہیں۔ تحقیق میں شامل لوگوں نے عموماً معمول کی سرجری کروائی تھی، صحت مند وزن کے رکھتے تھے اور انہیں صحت کے مخصوص مسائل نہیں تھے۔




آپ ہماری استعمال کردہ تحقیق کے بارے میں اس لنک پر معلومات حاصل کر سکتے ہیں: www.rcoa.ac.uk/patientinfo/risks/evidence۔

**آپ کے لیے خطرات ان اعداد و شمار سے زیادہ یا کم ہو سکتے ہیں۔ آپ کا اینیستھیٹسٹ آپ سے ان ممکنہ خطرات پر بات کرے گا جن کا امکان زیادہ یا آپ کے لیے نمایاں ہیں۔**


آپ مختلف اقسام کے اینیستھیزیا کے بارے میں معلومات ہماری ویب سائٹ پر حاصل کر سکتے ہیں، جو مختلف زبانوں میں یہاں دستیاب ہے: www.rcoa.ac.uk/patientinfo/translations#languages .

**یہ تعداد ہر 100 افراد میں سے ہے۔**


| کیا ہوا؟ | کتنے عرصے کے لیے؟ | کتنے؟<br>ہر 100 افراد میں سے<br>(ایک سو افراد) |
|---|---|---|
|  **کانپنا** | 20 سے 30 منٹ تک بحالی کے کمرے میں | <br>**15** کو محسوس ہوئی<br>تقریباً 85 افراد کو نہیں ہوئی |
|  **متلی (بیمار محسوس کرنا)** | 1 سے 24 گھنٹوں تک | <br>**تقریباً 15** کو ہوئی<br>**تقریباً 85** کو نہیں ہوئی |
|  **گلے کی خرابی** | 24 سے 48 گھنٹوں تک | <br>**20 سے 40** کو ہوئی<br>**60 سے 80** کو نہیں ہوئی<br>یہ استعمال کی جانے والی سانس کی مصنوعی نالی پر منحصر ہوتا ہے |
|  **ورم یا درد ٹیکوں سے** | چند دن میں دور ہو جاتا ہے | <br>**10** کو ہوا<br>**90** کو نہیں ہوا |

| | | | |
|---|---|---|---|
|  | **ہونٹ یا زبان پر معمولی چوٹ** | چند دنوں میں مندمل ہو جاتی ہے |  **1 سے 5** کے ساتھ ہوا · **95 سے 99** کے ساتھ نہیں ہوا |
|  | **سینے کا انفیکشن** | چند دنوں یا ہفتوں کے لیے |  **20** کو ہوا · **80** کو نہیں ہوا |
|  | **الجھن کا شکار ہونا (ہذیان)** | چند دنوں، ہفتوں مہینوں کے لیے |  **10 سے 50** کو ہوا · **50 سے 90** کو نہیں ہوا |

**نیچے دیے گئے ممکنہ خطرات شاذ و نادر ہی ہوتے ہیں۔**
یہ اعداد و شمار ہر 10,000 افراد میں سے ہیں۔

| | کیا ہوا؟ | کتنے عرصے کے لیے؟ | کتنے؟ ہر 10,000 افراد میں سے (دس ہزار افراد) | |
|---|---|---|---|---|
|  | **دانتوں کو نقصان پہنچنا** | دانتوں کے ڈاکٹر کے پاس جانے کی ضرورت پڑتی ہے | **5** کو ہوا | **9،995** کو نہیں ہوا |
|  | **دھندلی بینائی، آنکھوں میں خارش یا درد**<br>آنکھوں میں معمولی خراشوں یا خشکی کی وجہ سے۔ | چند دنوں تک | **تقریباً 5** کو ہوا | **تقریباً 9،995** کو نہیں ہوا |
|  | **جھنجھلاہٹ، بے حسی، درد یا کمزوری**<br>(اعصاب کو نقصان پہنچنا)۔ | عارضی (ہفتوں سے مہینوں تک) | **1 سے 5** کے ساتھ ہوا | **9،995 سے 9،999** کو نہیں ہوا |
| | | مستقل | **1** کے ساتھ ہوا | **9،999** کو نہیں ہوا |
|  | **شدید الرجک رد عمل (خارجی لحمیات)** | تیزی سے ہوتا ہے فوری علاج ہوتا ہے | **1** کے ساتھ ہوا | **9،999** کو نہیں ہوا |
|  | **دل کا دورہ، مثلاً سرجری کے دوران دل کا بند ہو جانا** | فوری علاج ہوتا ہے | **3** کا ہوا | **9،997** کا نہیں ہوا |

یہ اعداد و شمار ہر 100,000 افراد میں سے ہیں۔

| | کیا ہوا؟ | کتنے؟<br>ہر 100,000 افراد میں سے<br>(ایک لاکھ افراد) | |
|---|---|---|---|
|  | **تھوڑی دیر کے لیے جاگ گئے**<br>جنرل اینیستھیٹک کے دوران (حادثاتی طور پر ہوش میں آنا) | **5** جاگے<br>ہر 100,000 میں سے 3–4 افراد نے کہا کہ سرجری سے پہلے یا اس کے ختم ہونے کے بعد یہ پانچ منٹ سے کم عرصے تک جاری رہا۔<br>تقریباً ہر 100,000 میں سے 1 فرد نے کہا کہ انہیں کچھ درد محسوس ہوا۔ | **99،995** نہیں جاگے |
|  | **بینائی سے محروم ہو گئے (اندھے ہو گئے)**<br>دباؤ یا خون کے لوتھڑے وجہ بنتے ہیں جو بصری اعصاب متاثر کرتے ہیں۔ | **1** کے ساتھ ہوا | **99،999** کے ساتھ نہیں ہوا |
|  | **سرجری کی پیچیدگیاں موت کا سبب بن گئیں** | **14** ہو گئے | **99،986** نہیں ہوئے |
| | **سرجری کے دوران یا فوراً بعد دل کے دورے کی وجہ سے فوت ہو گئے** | **1** کے ساتھ ہوا | **99،999** کے ساتھ نہیں ہوا |
| | **اینیستھیٹک کی وجہ سے مر گئے** | **1** کے ساتھ ہوا | **99،999** کے ساتھ نہیں ہوا |
| | یہ خطرہ نمایاں طور پر تبدیل ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، یہ خطرہ مخصوص سرجریوں میں زیادہ ہوتا ہے، یا اگر لوگ کمزور یا عمر رسیدہ ہوں یا انہیں صحت کے کچھ مخصوص مسائل لاحق ہوں۔ | | |

## اظہارِ لاتعلقی

ہم اس کتابچے میں دی گئی معلومات کو درست اور اپ ٹو ڈیٹ رکھنے کی بہت کوشش کرتے ہیں، لیکن ہم اس کی ضمانت نہیں دے سکتے۔ ہم یہ توقع نہیں کرتے ہیں کہ اس عام معلومات سے آپ کے تمام سوالات کا احاطہ کیا جائے گا یا ہر اس چیز سے نمٹا جائے گا جو آپ کے لیے اہم ہو سکتا ہے . اس کتابچے کو بطور رہنما استعمال کرتے ہوئے، آپ کو اپنی طبی ٹیم کے ساتھ اپنے انتخاب اور کسی بھی پریشانی کے بارے میں بات کرنی چاہیے . اس کتابچے کو خود سے مشورہ نہیں سمجھا جانا چاہئے . اسے کسی تجارتی یا کاروباری مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا . مکمل دست برداری نوٹ کے لئے، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔ (www.rcoa.ac.uk/patient-information/translations/urdu)

تمام ترجمے Translators Without Borders کی مترجم برادری کی طرف سے فراہم کئے جاتےہیں۔ ان ترجموں کا معیار ہر ممکن حد تک صحیح رکھنے کے لئے جانچا جاتا ہے، لیکن پھر بھی چند معلومات کی غلطیوں اور غلط تشریح کا خطرہ رہتا ہے۔

**www.rcoa.ac.uk**

patientinformation@rcoa.ac.uk

**(Royal College of Anaesthetists (RCoA 2024 ©**
یہ معلومات مریض کے لئے معلوماتی مواد تیار کرنے کی غرض سے نقل کی جا سکتی ہے۔ براہِ مہربانی اصل ماخذ کا حوالہ دیں۔ اگر آپ اس معلومات کا کوئی حصہ کسی اور اشاعت میں استعمال کرنا چاہتے ہیں تو مناسب حوالہ دینا ضروری ہے اور تمام گرافکس، برانڈنگ، تصاویر اور آئیکونز کو ہٹا دینا چاہیے۔ براہ مہربانی مزید معلومات کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔